شرح

احادیثِ خیرِ انام صلی اللہ علیہ وسلم

یعنی

اشرف الکلام

یث مبارکہ کی نادر تشریحات اور بصیرت افروز

قات حضرت تھانویؒ کے منفرد اسلوب میں

د کلام مسائل و احکام فقہ و تصوف کے جواہر ریزے

حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ

احادیث مبارکہ کی ایسی عجیب و غریب دل نشین شرح جس کو
شیخ المحدثین حضرت مولانا ظفر احمد عثمانیؒ سن کر وجد کرتے تھے

جمع و ترتیب محترم محمد اقبال قریشی صاحب مدظلہ

ادارہ اسلامیات
پبلشرز، بک سیلرز، ایکسپورٹرز

شرح

احادیثِ خیر الانام صلی اللہ علیہ وسلم

یعنی

اشرفُ الکلام

حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ

احادیث مبارکہ کی نادر تشریحات اور بصیرت افروز
تحقیقات حضرت تھانویؒ کے منفرد اسلوب میں
عقائد و کلام مسائل و احکام فقہ و تصوف کے جواہر ریزے

احادیث مبارکہ کی ایسی عجیب و غریب دل نشین شرح جس کو
شیخ المحدثین حضرت مولانا ظفر احمد عثمانیؒ سن کر وجد کرتے تھے

جمع و ترتیب ﴿ محترم محمد اقبال قریشی صاحب مدظلہ

اِدارہ اِسلامیات
پبلشرز، بک سیلرز، ایکسپورٹرز

شرح

احادیثِ خیر الانام ﷺ

یعنی

اشرف الکلام

(جدید اضافہ شدہ ایڈیشن)

اشاعت دوم: رمضان المبارک ۱۴۲۴ھ نومبر ۲۰۰۳ء

باہتمام : اشرف برادران سلمہم الرحمٰن

ادارہ اسلامیات پبلشرز، بک سیلرز، ایکسپورٹرز

۱۴- دینا ناتھ مینشن، مال روڈ، لاہور فون ۷۳۲۴۴۱۲ فیکس ۷۳۲۴۷۸۵-۴۲-۹۲+

۱۹۰- انارکلی، لاہور- پاکستان......فون ۷۲۴۳۹۹۱-۷۳۵۳۲۵۵

موہن روڈ، چوک اردو بازار، کراچی- پاکستان....فون ۷۷۲۲۴۰۱

ملنے کے پتے

ادارۃ المعارف، جامعہ دار العلوم، کورنگی، کراچی نمبر۱۴

مکتبہ دار العلوم، جامعہ دار العلوم، کورنگی، کراچی نمبر۱۴

ادارۃ القرآن والعلوم الاسلامیہ، چوک لسبیلہ، کراچی

دار الاشاعت، اردو بازار، کراچی نمبر۱

بیت القرآن، اردو بازار، کراچی نمبر۱

بیت العلوم، نابھہ روڈ، لاہور

ایک اور حدیث میں اس سے بھی زیادہ تشدد ہے:

اُخْرِجُوْا مِنَ النَّارِ مَنْ كَانَ فِیْ قَلْبِهٖ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ مِّنْ اِیْمَانٍ۔

"یعنی قیامت کے دن حکم ہو گا کہ جس کے دل میں ایک ذرّہ بھر بھی ایمان ہے اُسے دوزخ سے نکالو۔"

اس کو پہلی حدیث سے ملائیے تو کیا نتیجہ نکلتا ہے۔ وہاں فرماتے ہیں ایک ذرّہ بھر کبر جس کے دل میں ہے جنت میں نہ جائے گا۔ یہاں فرماتے ہیں ایک ذرّہ بھر بھی ایمان جس کے دل میں ہے جنت میں جائے گا۔ اس سے صاف یہ بات نکلتی ہے کہ ذرّہ بھر کبر بھی جس کے دل میں ہے اس میں ذرّہ بھر ایمان نہیں ہو سکتا اور ذرّہ بھر ایمان جس دل میں ہے اس میں ذرّہ بھر کبر نہیں ہو سکتا۔ دونوں میں بالکل نقیض ہیں گو اس کی توجیہ یہ ہے کہ جنت میں جانے کے وقت ذرّہ بھر کبر نہ ہو گا لیکن آخر اس سے بھی تو اس صفت کا مضاد ایمان کسی درجہ میں ہونا ثابت ہوا۔ (علاج الکبر ص۲، ص۳)

۴۸۔ چادر اور تہہ بند سے کنایہ کا مفہوم

فرمایا: حدیث قدسی ہے

اَلْعَظْمَةُ اِزَارِیْ وَالْکِبْرِیَاءُ رِدَائِیْ فَمَنْ نَازَعَنِیْ فِیْهِمَا قَصَمْتُهٗ۔

"یعنی اللہ تبارک وتعالیٰ فرماتے ہیں کہ عظمت میرا تہبند ہے اور کبریا میری چادر ہے جو کوئی ان دونوں کو مجھ سے چھیننا چاہے گا میں اس کی گردن توڑ دوں گا۔"

حضرت حکیم الامتؒ نے فرمایا کہ چادر اور تہہ بند فرمانا کنایہ ہے خصوصیت سے۔ معنی یہ ہوئے کہ یہ دونوں صفتیں خاص ہیں میرے ساتھ دوسرا کوئی مدعی ہو گا تو میں اس کو سزا دوں گا۔ (علاج الکبر ص۴)

۴۹۔ کون سا ولیمہ مذموم ہے؟

فرمایا: ایک سفر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا سے نکاح کیا۔ صبح کو فرمایا جو کچھ کسی کے پاس کھانے کی چیز ہو لے آؤ۔ لوگوں کے پاس سفر میں جیسا کچھ توشہ موجود تھا لا کر رکھ دیا کسی کے پاس کھجوریں کسی